بسم اللہ الرحمن الرحیم


# وفاق المدارس العربیہ پاکستان

# Wifaq-ul-Madaris-il-Arabia, Pakistan.

**مرکزی دفتر: گارڈن ٹاؤن شیر شاہ روڈ مُلتان**

فون نمبر: 061-6514525 - 26 - 27


حوالہ نمبر: AM-1 1076 -1446/s

تاریخ: 30-04-1446
03-11-2024

گرامی قدر حضرت مہتمم صاحب زید مجدہم

**السلام علیکم ورحمة الله وبركاته !**

حالیہ دنوں میں دینی مدارس وجامعات کی رجسٹریشن کے حوالے سے قومی اسمبلی اور سینیٹ آف پاکستان میں سوسائٹی ایکٹ کی دفعہ 21 میں 26 ویں آئینی ترمیم کے موقع پر جو بل منظور ہوا ہے، وفاق سے ملحق مدارس وجامعات کے ذمہ داران مسلسل رابطہ کرکے اس کی تفصیلات کے بارے میں استفسار کررہے ہیں۔

دینی مدارس کی رجسٹریشن اور دیگر اہم مسائل کے حل کے لیے وفاق المدارس العربیہ پاکستان اور اتحاد تنظیمات مدارس پاکستان کا گزشتہ کئی دہائیوں سے حکومت اور مقتدر حلقوں سے مذاکرات کا سلسلہ چلتا رہا ہے۔ اکابر وفاق ہمیشہ مدارس کو درپیش مسائل کے حل کے لیے کوشاں رہے ہیں۔ چنانچہ حالیہ ترمیمی بل کی منظوری بھی اکابر وفاق کے اخلاص، کاوشوں اور جہد مسلسل کا ثمرہ ہے۔

چند سال قبل حکومت نے دینی مدارس کی رجسٹریشن کو وفاقی وزارت تعلیم کے ساتھ منسلک کر دیا تھا اور اس کے ساتھ بہت سی ناروا شرائط بھی عائد کر دی تھیں۔ جس کے تحت قومی دھارے میں لانے کے خوش نما بیانیہ کے ذریعے مدارس کی آزادی کو سلب کرنے کی کوشش کی گئی۔

چونکہ وفاق المدارس اور اتحاد تنظیمات مدارس پاکستان مدارس کی آزادی اور حریت فکر وعمل کا ہر قیمت پر تحفظ کرنے کی پالیسی پر گامزن ہیں۔ چنانچہ وفاق المدارس اور اتحاد تنظیمات نے حکومت کے اس فیصلے کو نہ صرف یکسر مسترد کر دیا بلکہ دینی مدارس کی رجسٹریشن کو واپس سوسائٹی ایکٹ کے تحت کروانے اور دیگر مسائل کے حل کے لیے دوبارہ کوششیں تیز کر دیں۔ اس سلسلہ میں اکابر وفاق اور قائد جمعیت حضرت مولانا فضل الرحمٰن صاحب دامت برکاتہم کی مشترکہ کاوشوں سے گزشتہ حکومت کے آخری ایام میں آئینی ترمیم کے مسودہ پر اتفاق ہو گیا تھا، جس کی منظوری بوجوہ موخر ہو گئی تھی۔

الحمد للہ اکابر وفاق، قائد جمعیت اور ان کے رفقاء کی پیہم کوششوں سے مذکورہ بل منظور ہوا ہے جو کہ سوسائٹی ایکٹ کی دفعہ 21 میں ترمیم سے موسوم ہے۔ اس کے تحت حکومت نے وفاق المدارس اور اتحاد تنظیمات مدارس پاکستان کے موقف کو تسلیم کر لیا ہے۔ تاہم ابھی صدر پاکستان کی منظوری، گزٹ نوٹیفکیشن کے اجراء، چاروں صوبائی اسمبلیوں سے منظوری، عملدرآمد کی راہ میں ڈالی گئی رکاوٹوں کا سد باب اور جلد از جلد عملی نفاذ کے مراحل باقی ہے۔

اس بل کی تیاری اور منظوری کے لیے صدر وفاق حضرت مولانا مفتی محمد تقی عثمانی صاحب دامت برکاتہم، قائد جمعیت حضرت مولانا فضل الرحمٰن صاحب دامت برکاتہم اور راقم الحروف کا باہمی اور مختلف سیاسی شخصیات کے ساتھ مسلسل رابطہ رہا ہے اور باقی مراحل کی تکمیل کے لیے بھی مسلسل رابطے اور کوششیں جاری ہیں۔

الحمد للہ میں حرمین شریفین کے مبارک سفر پر ہوں۔ اس کامیابی پر ہم اللہ تعالیٰ کے شکر گزار ہیں اور دعا گو ہیں اور آپ حضرات بھی دعا فرمائیں کہ اللہ تبارک وتعالی باقی مراحل کی تکمیل آسان فرما دیں اور عملی نفاذ کی راہ میں آنے والی رکاوٹوں کو دور فرما دیں تاکہ جلد سے جلد اور بحسن وخوبی یہ مراحل پایہ تکمیل کو پہنچ جائیں اور دینی مدارس وجامعات کی رجسٹریشن کا دیرینہ مسئلہ مستقل طور پر حل ہو جائے۔

**والسلام**

(مولانا) محمد حنیف جالندھری

ناظم اعلیٰ وفاق المدارس العربیہ پاکستان


Email:wifaqulmadaris@gmail.com UAN:061-111-122-133 Fax:061-6539485 Web:www.wifaqulmadaris.org